26-May-09

پریس ریلیز

نرسری تا گریجویشن کے طلبا کیلیئے مفت کتب کی فراہمی جاری ہے۔ترجمان عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ، شکیل دہلوی

کراچی (پ۔ر) عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کے بورڈ آف ٹرسٹیز کے اراکین نے کہا ہے کہ مستحق افراد میں صحت وتعلیم کے شعبوں میں بھرپور امداد پہنچائی جائے۔ یہ بات عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کے ترجمان شکیل دہلوی نے ایک اخباری بیان میں کہی۔انہوں نے کہا کہ نرسری تا گریجویشن تک کے طلبا کے وہ والدین جو اپنے بچوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ رکھنا چاہتے ہوں اور مستحق زکوۃ ہوں اور انکے بچے کراچی کے کسی بھی اسکول اور کالج میں زیرتعلیم ہوں ان طلبا کو ایک مخصوص طریقہ کار کے مطابق کتب کا پیاں فراہم کی جارہی ہیں۔اس سلسلے میں والدین اپنا شناختی کارڈ، بچے کا رزلٹ کارڈ، اسکول کورس کی فہرست، طالبعلم کا کمپیوٹرائزڈ B فارم اور بجلی / گیس کے بل کی نقول کے ساتھ روزانہ شام 3 تا 5 بجے (علاوہ تعطیل) عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل بہادرآباد کراچی پر رجوع کریں۔

#